احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعہ 11۔اپریل 2008ء

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 MB/FD-10FR

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 11/اپریل 2008ء 4 ربیع الثانی 1429 ہجری 11 شہادت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 81

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ ہم کو فرقان مجید کا احسان ماننا چاہئے جس نے اپنی روشنی ہر زمانہ میں آپ دکھلائی اور پھر اس کامل روشنی سے گزشتہ نبیوں کی صداقتیں بھی ہم پر ظاہر کردیں اور یہ احسان نہ فقط ہم پر بلکہ آدم سے لے کر مسیح تک ان تمام نبیوں پر ہے کہ جو قرآن شریف سے پہلے گزر چکے اور ہر یک رسول اس عالی جناب کا ممنون منت ہے جس کو خدا نے وہ کامل اور مقدس کتاب عنایت کی جس کی کامل تاثیروں کی برکت سے سب صداقتیں ہمیشہ کے لئے زندہ ہیں۔ جن سے ان نبیوں کی نبوت پر یقین کرنے کے لئے ایک راستہ کھلتا ہے اور ان کی نبوتیں شکوک اور شبہات سے محفوظ رہتی ہیں۔

واضح ہو کہ قرآن شریف میں دو طور کا معجزہ ہمیشہ کے لئے رکھا گیا ہے۔ ایک اعجاز کلام قرآن دوم اعجاز اثر کلام قرآن۔ یہ دونوں اعجاز ایسے بدیہی ہیں کہ اگر کسی کا نفس اعراض صوری یا معنوی سے محجوب نہ ہو تو فی الفور وہ اس نور صداقت کو بچشم خود مشاہدہ کرلے گا۔ اعجاز کلام قرآن کے بیان پر تو یہ ساری کتاب مشتمل ہے اور بعض قسم کے اعجاز حاشیہ نمبر 11 میں لکھے بھی گئے ہیں۔ اعجاز اثر کلام قرآن کی نسبت ہم یہ ثبوت رکھتے ہیں کہ آج تک کوئی صدی ایسی نہیں گزری جس میں خدائے تعالیٰ نے مستعد اور طالب حق لوگوں کو قرآن شریف کی پوری پوری پیروی کرنے سے کامل روشنی تک نہیں پہنچایا اور اب بھی طالبوں کے لئے اس روشنی کا نہایت وسیع دروازہ کھلا ہے۔ یہ نہیں کہ صرف کسی گزشتہ صدی کا حوالہ دیا جائے۔ جس طرح سچے دین اور ربانی کتاب کے حقیقی تابعداروں میں روحانی برکتیں ہونی چاہئیں اور اسرار خاصہ الٰہیہ سے ملہم ہونا چاہئے وہی برکتیں اب بھی جوئیندوں کے لئے مشہود ہوسکتی ہیں جس کا جی چاہے صدق قدم سے رجوع کرے اور دیکھے اور اپنی عاقبت کو درست کرلے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر یک طالب صادق اپنے مطلب کو پائے گا اور ہر یک صاحب بصارت اس دین کی عظمت کو دیکھے گا۔.........اور جس نے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت اور افضلیت اور قرآن شریف کے منجانب اللہ ہونے سے انکار کیا ہے۔ وہ بھی کوئی روحانی برکت اور آسمانی تائید اپنی شامل حال رکھتا ہے۔ کیا کوئی زمین کے اس سرے سے اس سرے تک ایسا متنفس ہے کہ قرآن شریف کے ان چمکتے ہوئے نوروں کا مقابلہ کرسکے۔ کوئی نہیں ایک بھی نہیں۔..........

غرض بجز قرآن شریف کے اور کوئی ذریعہ آسمانی نوروں کی تحصیل کا موجود نہیں اور خدا نے اس غرض سے حق کہ اور باطل میں ہمیشہ کے لئے مابہ الامتیاز قائم رہے اور کسی زمانہ میں جھوٹ سچ کا مقابلہ نہ کرسکے۔ امت محمدیہ کو انتہاء زمانہ تک یہ دو معجزے یعنے اعجاز کلام قرآن اور اعجاز اثر کلام قرآن عطا فرمائے ہیں جن کے مقابلہ سے مذاہب باطلہ ابتداء سے عاجز چلے آتے ہیں۔ اور اگر صرف اعجاز کلام قرآن کا معجزہ ہوتا ہے۔ اور اعجاز اثر قرآن کا معجزہ نہ ہوتا تو امت مرحومہ محمدیہ کو آثار اور انوار ایمان میں کیا زیادتی ہوتی۔ کیونکہ مجرد زہد اور عفت اعجاز کی حد تک نہیں پہنچ سکتا۔

(براہین احمدیہ چہار حصص۔ روحانی خزائن جلد 1 ص290)

مزہ اور خوشبو

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا قرآن پڑھنے والے مومن کی مثال نارنگی کی سی ہے جس کا مزہ بھی اچھا ہوتا ہے اور خوشبو بھی عمدہ ہوتی ہے۔ اور اس مومن کی مثال جو قرآن کریم کی تلاوت نہیں کرتا وہ کھجور کی طرح ہے کہ اس کا مزہ تو اچھا ہے لیکن اس کی خوشبو نہیں ہوتی۔ اور اس فاجر کی مثال جو قرآن کریم کی تلاوت کا عادی ہے گل ریحان کی طرح ہے جس کی خوشبو تو اچھی ہوتی ہے لیکن اس کا مزہ کڑوا ہے۔ اور اس فاجر کی مثال جو قرآن نہیں پڑھتا تمّے کی طرح ہے جس میں خوشبو بھی نہیں اور مزہ بھی کڑوا ہے۔

(ابوداؤد کتاب الادب باب من یومران یجالس حدیث نمبر:4191)

مدرسۃ الحفظ طلباء میں داخلہ

مدرسۃ الحفظ طلباء ربوہ میں داخلہ برائے سال 2008ء کیلئے درخواست وصول کرنے کی آخری تاریخ 10/اگست 2008 ہے۔ والدین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے بچہ کے داخلہ کیلئے درخواست سادہ کاغذ پر ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے نام مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ ارسال کریں۔

☆ نام۔ ولدیت۔ تاریخ پیدائش۔ ایڈریس مع ٹیلی فون نمبر (اگر ہوتو)

☆ برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے)

☆ پرائمری پاس سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے)

☆ درخواست پر صدر/امیر جماعت کی تصدیق ضروری ہے۔

اہلیت:

☆ امیدوار کیلئے ضروری ہے کہ 31 جولائی 2008ء تک اس کی عمر 12 سال سے زائد نہ ہو۔

☆ امیدوار پرائمری پاس ہو۔

☆ امیدوار نے قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

انٹرویو:

☆ ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 16۔اگست کو صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہوگا۔

☆ بیرون ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 17,18۔ اگست کو صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہوگا۔

انٹرویو کیلئے امیدواران کی لسٹ مورخہ 15۔ اگست کو دارالضیافت کے استقبالیہ میں اور مدرسۃ الحفظ کے گیٹ پر آویزاں کر دی جائے گی۔ تمام امیدواران سے درخواست ہے کہ انٹرویو کیلئے آنے سے قبل اس بات کی تسلی کرلیں کہ ان کا نام لسٹ میں شامل ہے نیز مقررہ وقت پر تشریف لائیں۔

عارضی لسٹ اور تدریس کا آغاز: کامیاب امیدواران کی عارضی لسٹ مورخہ 20۔اگست 2008ء کو صبح 9:00 بجے مدرسۃ الحفظ اور نظارت تعلیم کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی جائے گی تدریس کا آغاز مورخہ 25۔اگست سے ہوگا حتمی داخلہ 31 دسمبر 2008ء کے بعد تسلی بخش تدریسی کارکردگی پر دیا جائے گا۔

نوٹ: انٹرویو کیلئے قواعد پر پورا اترنے والے امیدواران کو علیحدہ سے کوئی اطلاع نہیں بھجوائی جائے گی۔

صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ۔ پوسٹ کوڈ: 35460

فون: 047-6213322-047-6212473

(نظارت تعلیم)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 478)

جنوبی ایشیا کی خدا نما مجالس

حضرت مسیح موعود کی تالیف مبارک ''کتاب البریہ'' (مطبوعہ جنوری 1898ء) کا ایک ورق:۔

''خدا تعالیٰ نے مجھے کھڑا کیا ہے......اور مجھے اس نے اپنے مکالمات اور مخاطبات سے مشرف فرمایا ہے اور مجھے اس نے بہت سے نشانوں کے ساتھ بھیجا ہے اور میری تائید میں اس نے بہت سے خوارق ظاہر فرمائے ہیں اور درحقیقت اس کے فضل و کرم سے ہماری مجلس خدا نما مجلس ہے۔ جو شخص اس مجلس میں صحت نیت اور پاک ارادہ اور مستقیم جستجو سے ایک مدت تک رہے تو میں یقین کرتا ہوں کہ اگر وہ دہریہ بھی ہو تو آخر خدا تعالیٰ پر ایمان لاوے گا اور ایک عیسائی جس کو خدا تعالیٰ کا خوف ہو اور جو سچے خدا کی تلاش اور بھوک اور پیاس رکھتا ہو اس کو لازم ہے کہ بیہودہ قصے اور کہانیاں ہاتھ سے پھینک دے اور چشمدید ثبوتوں کا طالب بن کر ایک مدت تک میری صحبت میں رہے پھر دیکھے کہ وہ خدا جو زمین اور آسمان کا مالک ہے کس طرح اپنے آسمانی نشان اس پر ظاہر کرتا ہے۔ مگر افسوس کہ ایسے لوگ بہت تھوڑے ہیں جو درحقیقت خدا کو ڈھونڈنے والے اور اس تک پہنچنے کے لئے دن رات سرگرداں ہیں''۔

(کتاب البریہ۔ روحانی خزائن جلد 13 ص 55)

قصر توحید کے تین زینے

''قرآن ہم پر ظاہر فرماتا ہے کہ توحید صرف اس بات کا نام نہیں کہ ہم بتوں اور انسانوں اور حیوانوں اور عناصر اور اجرام فلکی اور شیاطین کی پرستش سے باز رہیں بلکہ توحید تین درجہ پر منقسم ہے۔ درجہ اول عوام کے لئے یعنی ان کے لئے جو خدا تعالیٰ کے غضب سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ دوسرا درجہ خواص کے لئے یعنی ان کے لئے جو عوام کی نسبت زیادہ تر قرب الٰہی کے ساتھ خصوصیت پیدا کرنی چاہتے ہیں اور تیسرا درجہ خواص الخواص کے لئے جو قرب کے کمال تک پہنچنا چاہتے ہیں۔ اول مرتبہ توحید کا تو یہی ہے کہ غیر اللہ کی پرستش نہ کی جائے اور ہر ایک چیز جو محدود اور مخلوق معلوم ہوتی ہے۔ خواہ زمین پر ہے خواہ آسمان پر اس کی پرستش سے کنارہ کیا جائے۔ دوسرا مرتبہ توحید کا یہ ہے کہ اپنے اور دوسروں کے تمام کاروبار میں مؤثر حقیقی خدا تعالیٰ کو سمجھا جائے اور اسباب پر اتنا زور نہ دیا جائے جس سے وہ خدا تعالیٰ کے شریک ٹھہر جائیں۔ مثلاً یہ کہنا کہ زید نہ ہوتا تو میرا یہ نقصان ہوتا اور بکر نہ ہوتا تو میں تباہ ہو جاتا۔ اگر یہ کلمات اس نیت سے کہے جائیں کہ جس سے حقیقی طور پر زید و بکر کو کچھ چیز سمجھا جائے تو یہ بھی شرک ہے۔ تیسری قسم توحید کی یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی محبت میں اپنے نفس کے اغراض کو بھی درمیان سے اٹھانا اور اپنے وجود کو اس کی عظمت میں محو کرنا۔ یہ توحید توریت میں کہاں ہے۔ ایسا ہی توریت میں بہشت اور دوزخ کا کچھ ذکر نہیں پایا جاتا اور شاید کہیں کہیں اشارات ہوں ...... ایسا ہی توریت نے حقوق کے مدارج کو پورے طور پر بیان نہیں کیا۔ لیکن قرآن نے اس تعلیم کو بھی کمال تک پہنچایا ہے۔ مثلاً وہ فرماتا ہے ......خدا حکم کرتا ہے کہ تم عدل کرو اور اس سے بڑھ کر یہ کہ تم احسان کرو اور اس سے بڑھ کر یہ کہ تم لوگوں کی ایسے طور سے خدمت کرو کہ جیسے کوئی قرابت کے جوش سے خدمت کرتا ہے۔ یعنی بنی نوع سے تمہاری ہمدردی جوش طبعی سے ہو کوئی ارادہ احسان رکھنے کا نہ ہو جیسا کہ ماں اپنے بچہ سے ہمدردی رکھتی ہے۔ ایسا ہی توریت میں خدا کی ہستی اور اس کی وحدانیت اور اس کی صفات کاملہ کو دلائل عقلیہ سے ثابت کر کے نہیں دکھلایا۔ لیکن قرآن شریف نے ان تمام عقائد اور نیز ضرورت الہام اور نبوت کو دلائل عقلیہ سے ثابت کیا ہے اور ہر ایک بحث کو فلسفہ کے رنگ میں بیان کر کے حق کے طالبوں پر اس کا سمجھنا آسان کر دیا ہے اور یہ تمام دلائل ایسے کمال سے قرآن شریف میں پائے جاتے ہیں کہ کسی مقدور میں نہیں کہ مثلاً ہستی باری پر کوئی ایسی دلیل پیدا کر سکے جو قرآن شریف میں موجود نہ ہو''۔

(کتاب البریہ۔ روحانی خزائن جلد 13 ص 85,83)

کتاب اللہ کی عالمگیر اصلاح عامہ خلائق

حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

''قرآن شریف کے وجود کی ضرورت پر ایک اور بڑی دلیل یہ ہے کہ پہلی تمام کتابیں موسیٰ کی کتاب توریت سے انجیل تک ایک خاص قوم یعنی بنی اسرائیل کو اپنا مخاطب ٹھہراتی ہے اور صاف اور صریح لفظوں میں کہتے ہیں کہ ان کی ہدایتیں عام فائدہ کے لئے نہیں بلکہ صرف اسرائیل کے وجود تک محدود ہیں۔ مگر قرآن شریف کا مدنظر تمام دنیا کی اصلاح ہے اور اس کی مخاطب کوئی خاص قوم نہیں بلکہ کھلے کھلے طور پر بیان فرماتا ہے کہ وہ تمام انسانوں کے لئے نازل ہوا ہے اور ہر ایک کی اصلاح اس کا مقصود ہے۔ سو بلحاظ مخاطبین کے توریت کی تعلیم اور قرآن کی تعلیم میں بڑا فرق ہے۔ مثلاً توریت کہتی ہے کہ خون مت کر اور قرآن بھی کہتا ہے کہ خون مت کر اور بظاہر قرآن میں اسی حکم کا اعادہ معلوم ہوتا ہے جو توریت میں آچکا ہے۔ مگر دراصل اعادہ نہیں بلکہ توریت کا یہ حکم صرف بنی اسرائیل سے تعلق رکھتا ہے اور صرف بنی اسرائیل کو خون سے منع فرماتا ہے دوسرے سے توریت کو کچھ غرض نہیں۔ لیکن قرآن شریف کا یہ حکم تمام دنیا سے تعلق رکھتا ہے اور تمام نوع انسان کو ناحق کی خون ریزی سے منع فرماتا ہے۔ اسی طرح تمام احکام میں قرآن شریف کی اصل غرض عامہ خلائق کی اصلاح ہے''۔

(کتاب البریہ۔ روحانی خزائن جلد 13 ص 85)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

۞ مکرم محمد رضاء اللہ ظفر صاحب صدر جماعت احمدیہ ٹھٹھہ تحریر کرتے ہیں۔

مکرم رفیق احمد صاحب ولد مکرم محمد دین صاحب مرحوم آف گھارو ضلع ٹھٹھہ مورخہ 9 مارچ 2008ء کو ایک حادثے میں وفات پا گئے۔ مورخہ 10 مارچ 2008ء کو گلشن حدید کراچی میں بعد از نماز ظہران کی نماز جنازہ ہوئی اور مقامی قبرستان باغ احمد کراچی میں تدفین کے بعد محترم مربی صاحب گلشن حدید نے دعا کروائی۔ مرحوم نے پسماندگان میں دو بیٹے دو بیٹیاں اور اہلیہ محترمہ چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی بلندئ درجات اور لواحقین کو صبر جمیل عطا ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

۞ مکرم عمر حیات صاحب فیکٹری ایریا ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرا بھتیجا عزیزم اثمار احمد صاحب بعمر 26 سال ابن مکرم محمد انوار احمد صاحب مرحوم ایک طویل بیماری اور معذوری کے بعد 29 مارچ 2008ء کو علی الصبح اللہ کو پیارا ہو گیا۔ اسی دن عزیزم کی نماز جنازہ بیت المہدی میں مکرم قیصر محمود صاحب نے پڑھائی اور عام قبرستان میں تدفین کے بعد محترم ظہور الدین بابر صاحب نے دعا کرائی۔ مرحوم بوجہ اعصابی کمزوری بیمار تھا مگر انہوں نے یہ عرصہ بڑے صبر سے گزارا اور کبھی حرف شکایت زبان پر نہ لایا۔ احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے رحم اور مغفرت کی چادر میں ڈھانپ لے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

احباب متوجہ ہوں

۞ مجلس نابینا ربوہ رنگ بہاراں کے نام پر ایک پروگرام تشکیل دے رہی ہے۔ ایسے معذور احباب جو خلافت احمدیہ کے ساتھ ذاتی تعلق کے رنگ میں بعض انعامات و شفقتوں سے مستفیض ہوتے رہے ہیں وہ فوری طور پر مجلس نابینا ربوہ سے رابطہ کر لیں۔

فون نمبرز: 047-6212772,6215405

0333-6706931

(صدر مجلس نابینا ربوہ)

درخواست دعا

۞ مکرم شیخ بشیر احمد صاحب اوکاڑہ دل کی تکلیف اور ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے بیمار ہیں احباب جماعت سے کامل شفایابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

۞ مکرم پروفیسر شیخ عبدالماجد صاحب سیکرٹری تعلیم القرآن حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

۞ محترمہ عذرا اقبال صاحبہ دارالصدر غربی ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ میری ہمشیرہ مکرمہ مبارکہ اقبال صاحبہ اہلیہ مکرم محمد اقبال صاحب علامہ اقبال ٹاؤن لاہور میو ہسپتال میں پھیپھڑوں کی تکلیف کی وجہ سے بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

۞ مکرمہ امتہ المومن صاحبہ اہلیہ مکرم میاں عبدالحی صاحب شکور پارک ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ میری بھاوجہ مکرمہ نسیم اختر صاحبہ اہلیہ مکرم میاں عبدالمنان ناصر صاحب زرگر گزشتہ بارہ برس سے کینسر میں مبتلا ہیں لیکن اب بیماری نے شدت اختیار کر لی ہے احباب جماعت سے شفایابی کے لئے درخواست دعا ہے۔

نکاح و تقریب رخصتانہ

۞ مکرم پروفیسر خلیل احمد صاحب دارالنصر غربی منعم ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ ھبۃ العلیم صاحبہ کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرم محمد فرحان امتیاز صاحب ابن مکرم امتیاز احمد ناصر صاحب کینیڈا مورخہ 22 مارچ 2008ء کو دو ہزار کینیڈین ڈالرز حق مہر پر مکرم عبدالسمیع خان صاحب ایڈیٹر روزنامہ الفضل نے احاطہ جدید پریس میں کیا اور اسی روز رخصتی عمل میں آئی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو دونوں خاندانوں اور احمدیت کے لئے باعث برکت بنائے۔

تقویٰ یہ ہے کہ گناہوں سے بچنے کی کوشش کرو۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم راجہ برہان احمد طالع صاحب

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی پاکیزہ سیرت وسوانح

(قسط دوم آخر)

عہد خلافت کی اہم باتیں

حضرت علیؓ کے دور خلافت میں جو اہم کام ہوئے وہ کچھ یوں ہیں:۔

☆ حضرت عثمانؓ کی شہادت کے نتیجے میں پیدا ہونے والے حالات کا مقابلہ کیا اور اس سلسلہ میں صحابہ میں جو غلط فہمیاں پیدا ہوگئی تھیں انہیں دور کیا۔

☆ حضرت علیؓ کو مجبوراً تین جنگیں بھی کرنی پڑیں جن کے نام جمل، صفین اور نہروان ہیں۔

☆ منافقوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور انہیں ان کے مقاصد میں ناکام بنایا۔

☆ ملکی معاملات کو عمدہ طور پر چلایا۔

☆ غریبوں اور مسکینوں اور ضرورت مندوں کے لئے انتظامات کئے تاکہ وہ بھوکے نہ رہیں بلکہ جیسے بھی ممکن ہو معاشرے کا کارآمد حصہ بنیں۔

☆ مختلف سرحدوں پر چوکیاں قائم کیں، جن میں خاص کر شام کی سرحدیں اہم ہیں۔

☆ کئی جگہوں پر فوجی چھاؤنیاں اور عمارات بنائیں تا حفاظت ہوسکے۔

☆ سب سے اہم کام عمال یعنی پیسے اکٹھے کرنے والے افراد کا ہوتا ہے ان کی آپ نے کڑی نگرانی کی تاکہ نظام میں خرابی نہ ہو۔

☆ عام لوگوں کے فائدے کے لئے مختلف جگہوں پر کنوئیں، نہریں بنوائیں۔

☆ دریائے فرات پر ایک پل بنوایا جو اس زمانہ کا ایک اہم کارنامہ تھا۔

☆ جانوروں کے لئے مختلف چراگاہیں بنوائیں تا ان سے بھی عام لوگ فائدہ اٹھائیں۔

☆ آپ کے زمانہ میں اسلامی مملکت کا دارالخلافہ مدینہ سے کوفہ عراق میں منتقل ہوا۔

☆ اشاعت اسلام اور تعلیم و تربیت کو جاری رکھا۔

☆ مختلف معاملات جو آپ کے سامنے پیش آئے ان کا حکمت کے ساتھ حل کیا۔

شہادت

حضرت عثمانؓ کی شہادت کو ایک عرصہ گزر گیا تھا اور تمام فتنے آہستہ آہستہ ختم ہوتے جارہے تھے۔ یہ سب صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے قائم کی گئی خلافت کی برکت سے تھا۔ منافقوں اور اسلام میں فساد پھیلانے والوں کو اس بات کا اندازہ ہوگیا کہ جب تک حضرت علیؓ اور ان جیسے چند اور صحابہ جن میں خاص کر حضرت معاویہؓ اور حضرت عمرو بن العاصؓ جیسے لوگ زندہ ہیں اسلام کو نقصان نہیں پہنچایا جاسکتا، تو انھوں نے ان تینوں کو ایک ساتھ قتل کا منصوبہ بنایا۔

تین مختلف افراد نے ایک ہی وقت میں ان تینوں بزرگان کے قتل کی ذمہ داری لی۔ رمضان 40 ہجری میں ایک روز ہی مختلف مقامات پر ان صحابہ پر حملہ ہونا تھا۔ حضرت معاویہؓ پر جو وار ہوا وہ صحیح نہ ہوسکا، حضرت عمرو بن العاصؓ اس دن گھر سے نکلے ہی نہیں، جبکہ عبدالرحمٰن بن ملجم جس نے حضرت علیؓ پر وار کرنا تھا۔ اس نے آپ پر نماز پڑھتے ہوئے وار کیا۔ سر پر زخم آیا زخم سخت تھا اور جس تلوار سے کیا گیا تھا اسے پہلے زہر بھی لگایا گیا تھا، اس لئے حضرت علیؓ اسی روز 20 رمضان سن 40 ہجری شہید ہوگئے۔ آخری وقت اپنے بیٹوں حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کو بلا کر نصائح کیں۔ اس کے علاوہ مختلف وصیتیں کیں۔

حضرت حسنؓ نے تجہیز و تدفین کا انتظام کیا اور کوفہ کے ایک قبرستان میں حضرت علیؓ کی تدفین ہوئی۔

سیرت کے مختلف پہلو

حضرت علیؓ بچپن ہی سے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی کفالت اور صحبت میں رہے۔ آپ کے تمام اعلیٰ اخلاق اور طریق رسول اللہ ﷺ کی تربیت کا ہی نتیجہ اور نمونہ تھے۔ وہ تمام عام بری عادات جو اس زمانہ کے بچوں اور نوجوان میں ہونا ایک معمولی بات تھی آپ ان سے بالکل مبرا تھے۔ حضرت علیؓ ابتداء سے ہی نہ تو بتوں کے آگے جھکے، نہ بد رسومات ادا کیں۔ ہر قسم کی بد کلامی سے بچے اور کبھی شراب یا جوئے کو بھی ہاتھ نہ لگایا ان تمام اور دیگر بری باتوں کا اسلام قبول کرنے کے بعد تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ یعنی حضرت علیؓ کے تمام اعلیٰ اخلاق چھوٹی عمر سے ہی آپ نے اپنے اندر اپنائے جو آج بھی ہمارے لئے ایک اہم عملی نمونہ ہے۔

امانت و دیانت

حضرت علیؓ کے امانت دار اور دیانت دار ہونے کی سب سے اعلیٰ مثال یہ ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی تو وہ تمام امانتیں جو مختلف لوگوں کی آپ کے پاس تھیں حضرت علیؓ کے سپرد کر کے گئے تاکہ بعد میں یہ امانتیں حضرت علیؓ ان کے مالکوں کو واپس کر کے آئیں۔

حضرت علیؓ نے اپنے دور خلافت میں مسلمانوں کی امانت بیت المال کی خوب نگرانی فرمائی۔ اس کا ثبوت ان چند واقعات سے پتہ چلتا ہے۔ حضرت ام کلثومؓ فرماتی ہیں کہ ایک دفعہ نارنگیاں بیت المال میں آئیں۔ امام حسن اور امام حسین جو آپ کے بیٹے تھے نے ایک ایک نارنگی اٹھالی۔ آپ نے دیکھا تو واپس لے لیں اور فوراً لوگوں میں تقسیم کردیا۔

جب کسی طرف سے جنگ کے نتیجے میں مال غنیمت آتا تو تقسیم فرماتے اور نہایت احتیاط سے یہ کام سرانجام دیتے تاکہ کوئی کمی یا بیشی نہ ہو۔ ایک دفعہ اصفہان نامی جگہ سے مال آیا اس میں ایک روٹی بھی تھی۔ حضرت علیؓ نے تمام مال کی ساتھ ساتھ اس روٹی کے بھی حصے کئے اور قرعہ ڈال کر تقسیم فرمایا۔ ایک دفعہ بیت المال کا تمام مال واسباب تقسیم کر کے اس کمرہ کی صفائی کی اور دو رکعت شکرانے کے نفل ادا کئے۔ تاکہ یہ نفل قیامت کے دن ان کی امانت و دیانت کے گواہ ہوں۔

عدل وانصاف

حضرت علیؓ کی امانت و دیانت صرف مالی معاملات میں ہی نہیں تھی بلکہ آپ نے ہمیشہ امانت اور دیانت کو قائم رکھتے ہوئے ہر اہم معاملے میں اچھا اور عمدہ مشورہ دیا جس کا رسول اللہ ﷺ نے بھی اور بعد ازاں حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ نے بہت احترام کیا۔ اسی طرح جب آپ خود خلیفہ منتخب ہوئے تو مختلف معاملات میں نہایت عمدہ فیصلے فرمائے ہمیشہ عدل وانصاف سے کام لیا۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت علیؓ کے پاس ایک عورت اور اس کی کنیز کچھ مالی مدد کے لئے آئیں۔ آپ نے ان کی مدد کی اور دونوں کو برابر مال دے دیا۔ اس پر مالک عورت نے کہا کہ میں تو مالک ہوں آپ کو مجھے تو زیادہ دینا چاہئے اس پر حضرت علیؓ نے فرمایا قرآن کریم نے تمام انسانوں کو برابر بنایا ہے۔

عبادات

صحابہ کرام میں سے ہر ایک کی عبادت کا اپنا ہی طریق تھا۔ حضرت علیؓ کی عبادات کے بارہ میں حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں:۔

”وہ بہت روزہ دار اور عبادت کرنے والے تھے۔“

آپ عبادات کا بہت اہتمام کرتے تھے اور پھر اس پر قائم رہتے تھے۔ ایک دفعہ ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ نے حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ سے فرمایا کہ تم دونوں ہر نماز کے بعد اور سونے سے پہلے تسبیحات (33 دفعہ سُبْحَانَ اللّٰہِ. 33 بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ 34 بار اَللّٰہُ اَکْبَرْ) پڑھ لیا کرو۔ حضرت علیؓ بیان فرماتے ہیں کہ جب سے رسول اللہ ﷺ نے مجھ کو اس کی تلقین کی میں نے اس کو چھوڑا نہیں۔ اس پر کسی نے پوچھا ”صفین کی رات کو بھی نہیں؟“ فرمایا ”صفین کی رات کو بھی نہیں۔ (صفین جنگ کا نام ہے جس کی رات شدید پریشانی میں گزری تھی۔)

انفاق فی سبیل اللہ

حضرت علیؓ کے پاس مال و دولت نہ تھا لیکن آپ دل کے بہت غنی تھے۔ کبھی کوئی مانگنے والا آپ کے پاس سے خالی ہاتھ نہیں گیا۔ یہاں تک کہ اپنے کھانے پینے کی اشیاء بھی دے دیتے۔ خود بھوکے رہ جاتے مگر انکار نہ کرتے۔ ایک دفعہ رات بھر کام کر کے کچھ پیسے کمائے صبح کے وقت گھر آئے تو کھانا تیار کروایا ابھی کھانا تیار ہوا ہی تھا کہ ایک مسکین نے کھانے کے لئے کچھ مانگا۔ حضرت علیؓ نے وہ تیار کھانا اس کو دے دیا اور اپنے لئے بقیہ رقم میں سے پھر کھانا تیار کروایا دوسری دفعہ بھی کھانا تیار ہونے پر ایک یتیم آگیا اور کھانا اسے دے دیا اور پھر تیسری دفعہ بھی کھانا تیار ہونے پر ایک قیدی کو دے دیا اور خود بھوکے ہی رہے۔

سادگی

تمام اعلیٰ مراتب، بلند مقام اور بزرگ ہونے کے باوجود حضرت علیؓ سادگی پسند کرتے تھے۔ اپنے ہاتھ سے محنت و مزدوری کرتے اور اس میں کسی قسم کی شرمندگی محسوس نہ کرتے۔ جب لوگ آپ سے ملنے آتے تو کبھی جوتا ٹانک رہے ہوتے، کبھی اونٹ چرا رہے ہوتے اور کبھی زمین کھودتے ہوئے پائے جاتے۔ مزاج میں بے تکلفی اتنی تھی کہ عام فرش پر بے تکلفی سے سو جاتے۔ ایک دفعہ آنحضرت ﷺ انہیں ڈھونڈتے آئے تو دیکھا کہ زمین پر سو رہے ہیں، چادر جسم کے نیچے سے سرک گئی ہے اور جسم پر مٹی لگی ہوئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ کو یہ سادگی پسند آئی۔ خود اپنے ہاتھوں سے بدن صاف کیا اور محبت بھرے الفاظ میں فرمایا: اے مٹی والے اٹھ!

رسول اللہ ﷺ کے مبارک منہ سے نکلے یہ کلمات آپ کی کنیت بن گئے اور یہ آپ کو اتنے پسند تھے کہ جب کوئی آپ کو ان الفاظ سے پکارتا تھا تو آپ بہت خوش ہوتے تھے۔ آپ کی طبیعت کی یہ سادگی دور خلافت میں بھی اسی طرح قائم رہی۔ کپڑے سادہ پہنتے اور اگر کوئی محبت اور عزت کرنے کی وجہ سے پیچھے چلنے لگتا تو منع فرماتے اور پسند نہ کرتے۔

پرہیزگاری

بچپن سے پچیس چھبیس برس کی عمر تک آنحضرت ﷺ کے ساتھ رہے حضرت فاطمہؓ کے ساتھ شادی ہوئی تو علیحدہ مکان میں رہنے لگے اس نئی زندگی کے ساز و سامان کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ حضرت فاطمہؓ جو ساز و سامان اپنے میکے سے لائی تھیں اس میں کسی چیز کا بھی اضافہ نہ ہوسکا چکی پیستے پیستے حضرت فاطمہؓ کے ہاتھوں میں چھالے پڑ گئے تھے گھر میں اوڑھنے کی صرف ایک چادر تھی وہ بھی اس قدر مختصر کہ پاؤں چھپاتے تو سر ننگا ہوجاتا اور سر چھپاتے تو پاؤں کھانے کی یہ حالت تھی کہ ہفتوں گھر میں کھانا نہیں پکتا تھا۔ بھوک کی شدت ہوتی تو پیٹ پر پتھر باندھ لیتے ایک دفعہ شدت بھوک میں گھر پر باہر نکلے کہ مزدوری کر کے کچھ کما لائیں۔ مدینہ شہر میں دیکھا کہ ایک بوڑھی عورت کچھ اینٹیں اور پتھر جمع کر رہی ہے خیال ہوا کہ شاید اپنا باغ سیراب کرنا چاہتی ہے اس کے پاس پہنچ

کر کام کرنے کی قیمت طے کی اور پتھر اٹھانے لگے یہاں تک کہ ہاتھوں میں چھالے پڑ گئے غرض اس محنت و مشقت کے بعد ایک مٹھی کھجوریں اجرت میں ملیں کھجوریں ساتھ لے کر پیارے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آنحضرت ﷺ نے تمام کیفیت سن کر نہایت شوق کے ساتھ کھانے میں ساتھ دیا۔

ایام خلافت میں بھی پرہیز گاری کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹا اور آپ کی زندگی میں کوئی فرق نہ آیا موٹا لباس اور روکھا پھیکا کھانا آپ کے لئے دنیا کی سب سے بڑی نعمت تھے۔ ایک دفعہ عبداللہ بن زریر نامی ایک آدمی کھانے کے وقت آپ کے ساتھ تھے دستر خوان پر کھانا نہایت معمولی اور سادہ تھا انہوں نے کہا امیر المومنین! آپ کو پرندہ کے گوشت کا شوق نہیں ہے فرمایا ''ابن زریر! خلیفۂ وقت کو مسلمانوں کے مال میں سے صرف دو پیالوں کا حق ہے ایک خود کھائے اور اہل کو کھلائے اور باقی خلقِ خدا کے سامنے پیش کرے۔''

گھر میں کوئی خادمہ نہ تھی حضرت فاطمہؓ گھر کا سارا کام اپنے ہاتھوں سے انجام دیتی تھیں ایک مرتبہ اپنے شفیق باپ کے پاس اپنی مصیبت بیان کرنے گئیں رسول اللہ ﷺ موجود نہ تھے۔ واپس آ کر سو گئیں تھوڑی دیر کے بعد حضرت عائشہ کے بتانے پر رسول اللہ ﷺ خود تشریف لائے اور فرمایا کیا تم کو ایک ایسی بات نہ بتا دوں جو ایک خادم سے کہیں زیادہ تمہارے لئے مفید ہو اس کے بعد آپ نے تسبیح و تحمید کی تعلیم دی۔

شجاعت

حضرت علیؓ کے شجاعت کے واقعات کا ذکر غزوات میں آ چکا ہے۔ آپ کی شجاعت بطور مثال کے پیش کی جاتی تھی اور پیش کی جاتی ہے۔ جنگ میں جب بھی آپ نے شرکت کی تو ہمیشہ دشمنوں پر آپ کا رعب قائم رہا۔ خطرناک ترین حالات میں حضرت علیؓ کبھی پیچھے نہ ہٹتے۔ غزوات میں بھی اور اپنے دور خلافت میں بھی آپ نے جب بھی جنگ میں حصہ لیا بہادری کے ساتھ لڑے۔

دشمنوں سے حسن سلوک

حضرت علیؓ ایک بہادر سپاہی تھے ایک کامیاب جرنیل تھے لیکن اس کے باوجود اسلامی تعلیمات اور رسول اللہ ﷺ کے عمل کے مطابق ہمیشہ دشمنوں سے اچھا سلوک کرتے تھے۔ ایک دفعہ ایک لڑائی میں ان کا ایک مقابلہ کرنے والا گر گیا اور اس کے کپڑے بھی اتر گئے۔ آپ اس کو چھوڑ کر ایک طرف کھڑے ہو گئے تا کہ اس کو شرمندگی نہ ہو۔

جنگ جمل میں حضرت عائشہؓ آپ سے مقابلہ کے لئے نکلی تھیں، لیکن جب ایک شخص نے ان کے اونٹ کو زخمی کر کے گرایا تو خود حضرت علیؓ نے آگے بڑھ کر ان کی خیریت معلوم کی۔ ان کو بصرہ کے ایک رئیس کے گھر میں اتارا۔ حضرت عائشہؓ کی فوج کے اور لوگ بھی اس جگہ پر تھے۔ حضرت علیؓ بغیر کسی خوف کے حضرت عائشہؓ سے ملنے اور ان کی خیریت دریافت کرنے وہاں گئے۔

جنگ ختم ہونے پر عام اعلان کر دیا کہ جو بھاگ جائے اس کا پیچھا نہ کیا جائے، زخمیوں کا بھی خیال کیا جائے، مال نہ لوٹا جائے، جو ہتھیار ڈال دے اسے امان دی جائے۔

حضرت زبیرؓ نے جنگ میں آپ کا مقابلہ کیا تھا اور جنگ جمل کے جرنیلوں میں سے تھے مگر جب ان کا قاتل ابن جرموز ان کا سر اور تلوار لئے حضرت علیؓ کے پاس آیا تو آپ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

یہ حضرت علیؓ کا اپنے مدمقابلوں سے سلوک تھا اور یہ سب صرف اور صرف حضرت نبی کریم ﷺ کی اعلیٰ تربیت کا نتیجہ تھا۔

علمی قابلیت

حضرت علیؓ نے قرآن کا علم خود نبی کریم ﷺ سے حاصل کیا۔ آپ حافظ قرآن بھی تھے اور ساتھ ساتھ آپ کو کئی قرآنی آیات کے نزول کا وقت اور اس وقت کے واقعات کا بھی علم تھا۔ آیات کے نزول کے بارہ میں اگر کچھ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تو وہ بھی وہاں موجود ہونے کی وجہ سے جانتے تھے۔ آنحضرت ﷺ کی ایک حدیث ہے جس میں آپؐ نے فرمایا:۔

میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔

یہ ارشاد آپ کے اعلیٰ علمی مرتبہ کی واضح دلیل ہے علمِ حدیث میں آپ نے کل 586 احادیث بیان کی ہیں۔ بڑے اہم معاملات میں لوگ اور خاص کر صحابہؓ آپ کی رائے کا احترام کرتے تھے۔ فقہی معاملات میں آپ کے کئے گئے فیصلے اہمیت رکھتے ہیں۔

ایک خاص ملکہ جو آپ کو حاصل تھا وہ تقریر اور خطاب کرنے کا تھا۔ ایسی بات کرتے جو لوگوں کے دل میں اتر جاتی۔ یہ اس وجہ سے ہوتا تھا کیونکہ خود اس بات پر عمل کرنے والے تھے۔ آپ کے خطابات نَہْجُ الْبَلَاغَہ نامی کتاب میں آج بھی کسی حد تک محفوظ ہیں کبھی کبھی شاعری بھی کرتے تھے جو عرب معاشرے میں ایک عام بات تھی۔ جیسا کہ جنگِ خیبر کے موقع پر مرحب نامی دشمن کے شعر کا جواب شعر میں ہی دیا۔

عربی گرامر کا ایک خاص علم جس کی ابتداء آپ نے کی علم نحو ہے۔ ایک دفعہ جب آپ نے ایک شخص کو قرآن کریم میں عربی زبان کی غلطی کرتے سنا تو یہ ضرورت محسوس کی کہ چند قواعد بنا دیئے جائیں تا کہ پڑھنے والوں کو آسانی ہو۔ اس علم کے ابتدائی اصول آپ نے ہی بنائے۔

گھریلو زندگی اور اولاد

حضرت علیؓ کی ابتدائی زندگی رسول اللہ ﷺ کے گھر میں گزری۔ حضرت فاطمہؓ سے شادی کے بعد آپ کا علیحدہ گھر بسا۔ آپ نے ہمیشہ حضرت فاطمہؓ سے حسنِ سلوک کیا ایک دفعہ حضرت فاطمہؓ آپ کی کسی بات سے ناراض ہو کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آپ کی شکایت لگانے گئیں۔ پیچھے پیچھے آپ بھی آ گئے۔ جب حضرت فاطمہؓ نے شکایت کی تو رسول اللہ ﷺ نے آپ کو دیکھ کر فرمایا بیٹی! تم خود دیکھو! کون شوہر اپنی بیوی کے پاس خاموش یوں چلا آتا ہے؟ اس بات سے حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کی محبت میں اور اضافہ ہوا اور وہ زیادہ ایک دوسرے کا خیال رکھنے اور عزت کرنے لگے۔

حضرت فاطمہؓ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے کچھ عرصہ بعد ہی وفات پا گئیں۔ حضرت علیؓ نے بعد ازاں متعدد شادیاں کیں مگر اپنی ہر بیوی سے پیار اور احترام کا تعلق رکھا۔ مختلف اوقات میں آپ نے جو شادیاں کیں ان میں سے آپ کے کل چودہ 14 بیٹے اور سترہ بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ ان میں سے سب سے زیادہ شہرت اپنی قربانیوں کی وجہ سے حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ نے پائی۔

اعلیٰ اخلاق کی گواہیاں

حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے حضرت علیؓ کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا:۔

''لوگو! علی کی شکایت نہ کرو۔ خدا کی قسم! خدا کی ذات اور اس کی راہ کے معاملے میں وہ کسی قدر سخت ہے۔''

حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

''خدا کی ذات کے معاملے میں علیؓ سخت ہیں۔''

حضرت معاویہؓ نے ضرار اسدی سے کہا کہ مجھ سے حضرت علیؓ کے اوصاف بیان کرو۔ ان کے اصرار پر ضرار اسدی نے کہا:۔

''وہ بلند حوصلہ اور نہایت قوی تھے، فیصلہ کن بات کہتے تھے، عادلانہ فیصلہ کرتے تھے۔ ان کے ہر جانب سے علم کا سرچشمہ پھوٹتا تھا ان کے تمام اطراف سے حکمت ٹپکتی تھی۔ دنیا کی دلفریبی اور شادابی سے وحشت کرتے اور رات سے انس رکھتے تھے۔ بڑے رونے والے اور بہت زیادہ غور و فکر کرنے والے تھے۔ چھوٹا لباس اور موٹا کھانا پسند تھا۔ ہم میں بالکل ہماری طرح رہتے تھے جب ہم ان سے سوال کرتے تھے تو وہ ہمارا جواب دیتے تھے اور جب ہم ان سے انتظار کی درخواست کرتے تھے تو وہ ہمارا انتظار کرتے تھے۔ اپنی خوش خلقی سے ہم کو اپنے قریب کر لیتے تھے اور وہ خود ہم سے قریب ہو جاتے تھے لیکن اس کے باوجود ان کے ڈر سے ہم ان سے گفتگو نہیں کر سکتے تھے۔ وہ اہل دین کی عزت کرتے تھے غریبوں کو مقرب بناتے تھے۔ ان کے انصاف سے کمزور ناامید نہیں ہوتا تھا......''

یہ سن کر معاویہ رو پڑے اور فرمایا:۔

''خدا ابوالحسن پر رحم کرے، خدا کی قسم! وہ ایسے ہی تھے۔''

حضرت شاہ ولی اللہؒ نے حضرت علیؓ کے اخلاق کے بارہ میں تحریر کیا جس کا خلاصہ یہ ہے:۔

'' بڑے بڑے لوگوں کی سرشت میں جو عظیم الشان اخلاق داخل ہوتے ہیں مثلاً شجاعت، قوت حمیت اور وفا وہ سب ان میں موجود تھے......ان کی کلائیاں اور ان کے ہاتھ مضبوط تھے اور دل کے مضبوط تھے جس شخص سے کشتی لڑتے اس کو پچھاڑ دیتے تھے۔ بہادر تھے اور جس سے جنگ میں مقابلہ کرتے اس پر غالب آتے تھے۔ آپ کے تمام عمدہ اخلاق میں ایک وفا تھی۔''

تختِ خلافت

حضرت علیؓ رسول اللہ ﷺ کے ایک جلیل القدر صحابی اور خلیفہ تھے۔ آپ عالم باعمل تھے، بہت بہادر اور نڈر انسان۔ آپ کی تمام تربیت ہمارے پیارے نبی ﷺ کے ہاتھوں ہوئی۔ دس سال کے تھے جب ایمان لائے۔ رسول اللہ ﷺ کی وفات تک براہ راست علم حاصل کرتے رہے، اس لئے قرآنی علوم اور فقہی مسائل اور قضاء کے معاملات میں آپ کا بہت علم تھا اور لوگ آپ کی باتوں کو بہت مانتے تھے۔

آپ نے استحکام خلافت کے لئے ہر قسم کی کوششیں کیں، تمام خلفاء کی کامل اطاعت کی اور جب خود خلیفہ بنے تو نہایت حکمت سے امت کی راہنمائی کی اس بات کو حضرت مسیح موعود بانی جماعت احمدیہ نے یوں فرمایا:۔

''صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کامیابی کے ساتھ تخت خلافت کو مقررہ وقت تک زیب دے کر اپنی اپنی خدمت بجا کر بڑی کامیابی اور اللہ تعالیٰ کی رضوان لے کر چل بسے اور جنّات و عیون جو آخرت میں ان کے واسطے مقرر تھے اور وعدے تھے وہ ان کو عطا ہو گئے۔''

(الحکم 22/مارچ 1908ء)

الفضل خرید کر مطالعہ کریں

❁ ترقی یافتہ ذرائع ابلاغ اور نشر و اشاعت کے اس دور میں دنیا کی اقوام اور ممالک کے حالات و واقعات سے آگاہ رہنے اور ہر قسم کی معلومات حاصل کرنے میں بہت آسانی پیدا ہو گئی ہے۔ مادی ترقیات کی طرف بھاگتی اس دنیا میں لاتعداد اخبارات و رسائل اور دیگر ذرائع ابلاغ موجود ہیں۔ لیکن روزنامہ الفضل ان سب میں منفرد و ممتاز حیثیت رکھتا ہے۔ جس کا اولین مقصد احباب جماعت کی دینی، تربیتی، تعلیمی اور اخلاقی پیاس کو بجھانا ہے یہ ایک ایسی روحانی نہر ہے جس سے ہر چھوٹا، بڑا، مرد اور عورت یکساں سیراب ہوتا ہے۔ اس لئے آپ نہ صرف خود اس کا مطالعہ کریں بلکہ اپنے قرب و جوار میں رہنے والے احمدی احباب کو بھی خرید کر پڑھنے کی ترغیب دیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔

مکرم نذیر احمد سانول صاحب

مکرم چوہدری محمد شفیع صاحب کی یادیں

مکرم چوہدری محمد شفیع صاحب اور مکرم محمد اشرف صاحب دو حقیقی بھائی تھے اور ان کے والد بزرگوار کا نام مکرم چوہدری احمد الدین تھا۔ مکرم محمد اشرف صاحب پڑھے لکھے اور محکمہ مال میں پٹواری تھے۔ جبکہ مکرم چوہدری محمد شفیع صاحب معمولی پڑھے لکھے، سادہ منش اور درویش صفت انسان تھے۔ آپ کی سادگی علاقہ میں ضرب المثل تھی۔

خاندانی تعارف

دونوں بھائی معزز راجپوت خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ علاقہ کی معروف زمیندار فیملی سے تعلق تھا۔ ریاست بہاولپور کے بے تاج بادشاہ مکرم چوہدری احمد خاں رانا صاحب سابق امیر ریاست بہاولپور کے داماد تھے۔

نرالی طبیعت

مکرم چوہدری محمد شفیع صاحب نرالی طبیعت کے مالک تھے۔ کبھی فاخرانہ لباس زیب تن نہ کیا۔ جب دیکھا سادہ کپڑوں میں ملبوس، چادر، دیسی قمیص، سر پر عام ڈھیلی ڈھالی پگڑی خاکسار نے کبھی آپ کو ننگے سر نہ دیکھا۔ پاؤں میں چمڑے کی دیسی طرز کی جوتی پہنتے۔ آپ کی یہ عادت تھی کہ ہاتھ میں ہمیشہ سوٹی رکھتے تھے۔ آہستہ آہستہ چلتے، چلتے وقت سوٹے کو زمین پر مارتے کوئی بھی شخص سوٹے کی آواز سے ان کے قدم گن سکتا تھا۔

جماعتی کاموں میں دلچسپی

خاکسار نے مرحوم کے ساتھ چار سال کا عرصہ گزارا ہے اس دوران انہیں قریب سے دیکھنے اور پرکھنے کا موقع نصیب ہوا ہے فضول بات نہ کرتے تھے اور نہ ہی بے مقصد کسی کی گفتگو میں شریک ہوتے تھے۔ محفل میں افراد محو گفتگو ہوتے تو آپ ایک طرف خاموشی سے بیٹھے رہتے۔ غور سے سنتے رہتے۔ جب محفل برخاست ہو جاتی تو کہتے کہ اس محفل میں فلاں فلاں بات اچھی ہوئی۔ یہ یہ واقعہ میں نے پہلے سنا ہوا ہے اور یہ یہ واقعہ پہلی دفعہ سنا ہے۔

ایک دن ہماری جماعت میں دعوت الی اللہ کا اجلاس تھا گو آپ کے پاس کوئی عہدہ نہ تھا اجلاس میں بیٹھے رہے خاتمہ اجلاس پر کہنے لگے معلم صاحب ہر بات کے دو ثواب ہوتے ہیں۔ ایک بات کو اچھی طرح غور سے سننے کے، اور ایک اس بات پر عمل کرنے کے، میں بات کو توجہ اور غور سے ثواب کی نیت سے سنتا ہوں۔

جون کا مہینہ تھا اور سخت گرمی پڑ رہی تھی خاکسار کمرہ میں مطالعہ کر رہا تھا۔ دستک ہوئی دیکھا تو دروازہ پر چوہدری محمد شفیع صاحب تھے کہنے لگے معلم صاحب میں نے کئی دفعہ آپ کو کتاب پڑھتے دیکھا ہے اب میں نے فیصلہ کیا ہے کہ دوپہر کو آپ کے پاس جا کر بیٹھا کروں گا اور آپ سے کہوں گا کہ آپ اونچی آواز میں پڑھتے جائیں میں سنتا رہوں گا اس طرح آپ کے کام میں حرج بھی نہ ہو گا اور میرے علم میں اضافہ کے علاوہ دونوں کو ثواب ہوگا۔ اس طریق پر خاکسار نے انہیں سیدنا حضرت مسیح موعود کی کتب پیغام صلح اور چشمہ معرفت بھی سنائی تھیں۔

نماز سے محبت

آپ کی نمایاں خوبی یہ تھی کہ باقاعدہ نماز میں خاص شغف تھا بے انہماک سے نمازیں ادا کرتے۔ نماز سے کافی دیر قبل بیت الذکر میں آ جاتے۔ وضو کرتے۔ نوافل پڑھتے اور نماز باجماعت ادا کرتے۔ کئی دفعہ سخت بیمار ہوئے چلنے پھرنے سے معذور ہو جاتے۔ جب بھی تھوڑا چلنے کے قابل ہوتے نماز باجماعت کے لئے آ جاتے۔ اکثر نماز مغرب کے لئے آتے تو باجماعت نماز پڑھتے۔ درس سنتے، بچگان کی دینی کلاس میں شامل ہوتے اور نماز عشاء باجماعت پڑھ کر گھر کو جاتے عمر کے آخری حصہ میں "فیل پا" کے مرض میں مبتلا ہو گئے تھے پاؤں اور ٹانگیں کافی پھول گئے تھے۔ چلنا پھرنا مشکل ہو گیا تھا۔ اس کے باوجود بھی چھوٹے چھوٹے قدم اٹھا کر بیت الذکر میں نماز باجماعت کے لئے آ جاتے۔

اولاد میں سے اگر کوئی نماز کے لئے نہ آیا ہوتا تو خاکسار کو بھی توجہ دلاتے اور خود بھی ان کو یاد دلاتے رہتے تھے۔ خاکسار کو یاد نہیں کہ چک میں مقیم ہوں، صحت مند ہوں اور نماز باجماعت سے غیر حاضر ہوں۔ آپ کے بارے میں مشہور ہے کہ جوانی سے نمازی تھے۔ زمیندارہ ماحول کے مطابق جانور چراتے وقت نماز کا وقت آ گیا تو وہیں کھیت میں نماز پڑھ لیتے۔ لیکن نماز ترک نہ کرتے۔

قرآن کریم سے عشق

چوہدری صاحب کو قرآن کریم زبانی یاد تو نہیں تھا لیکن کثرت تلاوت کی برکت سے اس بات کا اچھی طرح ادراک ہو چکا تھا کہ تلاوت کرنے والا درست پڑھ رہا ہے یا غلطی سرزد ہو رہی ہے۔ خاکسار کا اس بارہ میں متعدد بار کا مشاہدہ ہے کہ جب کوئی قرآن پاک کی تلاوت کے دوران اعراب میں غلطی کرتا تو چوہدری صاحب فوراً اس کی طرف خاص نظروں سے دیکھتے اور کہتے کہ آپ توجہ سے پڑھیں۔

چونکہ آپ بچوں کی تعلیم القرآن کلاس کے وقت بچگان کے ساتھ بیٹھتے تھے۔ بچوں کو اس بات کی تلقین کیا کرتے کہ قرآن پاک کی تلاوت بلند آواز اور ترنم سے کرنی چاہئے بچوں کو تحریص دلاتے کہ دیکھو تمہارے فلاں ساتھی بچے کی کتنی صاف اچھی بلند اور پرنم آواز ہے اس طرح تلاوت کی ادائیگی کیا کریں۔

خود اپنا یہ حال تھا کہ نماز فجر بیت الذکر میں باجماعت پڑھتے پھر بلند آواز سے قرآن پاک کی تلاوت کیا کرتے۔ آخری عمر میں بیماری کے باعث پاؤں متورم ہو گئے تھے بیٹھ نہ سکتے اس لئے بیت الذکر میں کھڑے ہو جاتے۔ ہاتھ میں قرآن پاک لے لیتے اور گھنٹوں تلاوت کرتے رہتے۔ کبھی بلند کبھی دھیمی آواز میں۔

نماز چاشت و اشراق

بیت الذکر میں ہی تلاوت مکمل کرنے کے بعد اشراق و چاشت کے نوافل پڑھتے تھے۔ چونکہ خاکسار بھی بیت الذکر میں ہی ہوتا تھا آپ کبھی نوافل میں ناغہ نہ کرتے۔ پھر آپ کی رکعات رکوع و سجود میں ہمیشہ یکسانیت دیکھی کبھی کوئی حرکت چھوٹی بڑی نہ ہوتی۔ ہر عبادت بڑے سکون لگن اور دلچسپی سے ادا کرتے آپ کے سجدات بڑے طویل ہوتے پاس بیٹھنے والا سمجھتا سو گئے ہیں لیکن آپ خدا تعالیٰ سے راز و نیاز میں مشغول ہوتے اور بیدار ہوتے۔

چندہ جات

آپ کی یہ خوبی نمایاں تھی ہر تحریک میں حصہ ہوتا۔ وقت سے پہلے ادائیگی ہوتی فصل آنے پر خاکسار کو کہتے معلم صاحب فصل آ گئی ہے۔ میں نے اظہر کو کہہ دیا ہے باقی اخراجات کے ساتھ میرا چندہ ادا کر دینا آپ توجہ بھی دلائیں اور دیکھ کر بتائیں بھی کہ میرا چندہ دیا ہے کہ نہیں۔ جب ادائیگی کی خوش کن رپورٹ سنتے بڑے خوش ہوتے اور ہنستے۔

حصہ وصیت و حصہ جائیداد

چوہدری صاحب کو ادائیگی چندہ جات کے ساتھ ادائیگی حصہ جائیداد کی بڑی فکر تھی۔ آپ کی آمد صرف زرعی رقبہ سے تھی اور وہ بھی سال بعد آتی جب ٹھیکہ جات کی رقوم وصول ہوتیں یہ رقم سال کے اخراجات پر صرف ہو جاتی۔ آپ نے یہ طریق نکالا کہ رقبہ بجائے ایک سال ٹھیکہ دینے کے چند سال کا یکبار ٹھیکہ دے دیا اور مرکز سے تشخیص کرا کے حصہ جائیداد یکمشت ادا کر دیا اور یہ چند سال آپ نے بڑے قناعت اور صبر سے گزارے اپنے اخراجات کو محدود کر لیا چونکہ انسان اس دنیا میں مقررہ وقت کے لئے آیا ہے عارضی زندگی ختم ہونے کے ساتھ ہی خدا تعالیٰ کے حضور پیش ہونا ہے۔ جب چوہدری صاحب پر آخری وقت آیا تو لواحقین کو ادائیگی چندہ جات اور حصہ جائیداد کی کوئی معمولی پریشانی بھی نہ اٹھانی پڑی۔ موصوف زندگی میں ہی اپنا حساب بے باک اور صاف کر چکے تھے۔ آپ کا دفتری حساب و کتاب ہر لحاظ سے مکمل تھا اور تسلی بخش تھا۔

تربیت اولاد

گو آپ معمولی پڑھے لکھے تھے لمبا مطالعہ بھی نہ تھا لیکن گھر کا ماحول دینی و مذہبی ہی رکھا آپ کی اولاد دیندار جماعتی کاموں میں نمایاں حصہ لینے والی۔ کسی نہ کسی شعبہ میں کوئی نہ کوئی خدمت ضرور کر رہے ہوتے۔ نمازوں کی پابندی اور جماعتی تقریبات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے مقامی جماعت یا ضلعی جماعت کا کوئی ایسا پروگرام نہ ہوگا جس میں آپ کی اولاد کا حصہ نہ ہو اس لحاظ سے آپ نے اپنے بچوں کی بہت ہی اچھی تربیت کی ہے!

اہلیہ اور اولاد

آپ کی اولاد میں دو بیٹے اور ایک بیٹی ہیں اور دونوں بیٹوں سے تین پوتے ہیں اور تینوں پوتے حافظ قرآن ہیں اور تینوں وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہیں۔ ایسا ہی آپ کی نواسی بھی حافظ قرآن ہے۔ آپ کی تربیت، توجہ، اور دعاؤں کا ہی نتیجہ ہے۔

موصوف کی اہلیہ محترمہ عزیز بیگم صاحبہ کافی عرصہ قبل وفات پا گئی تھیں اکثر ان کا نیک تذکرہ کیا کرتے تھے۔ ایک بات ضرور کہتے کہ میری اہلیہ میری سادگی کے باوجود میرے ساتھ بہترین نباہ کرتی رہیں۔ میری غمگسار تھیں۔ میرے بچے کم سن تھے چھوٹی بیٹی گود میں تھی کہ اہلیہ فوت ہو گئیں۔ میں نے ہمیشہ بچوں کو نیک خادم دین و دیندار ہونے کی دعائیں دیں۔

بیماری اور وفات

لمبے عارضہ کے باعث صاحب فراش تھے خاکسار عیادت کے لئے حاضر ہوتا رہتا کبھی بیماری کا شکوہ نہ کرتے۔ بڑے صابر و شاکر تھے۔ کہا کرتے کہ ادویہ تو ایک بہانہ اور اسباب ہیں۔ صحت تو خداوند کریم شافی مطلق کے پاس ہے۔ جب اس کی مرضی ہوگی شفایابی ہو جائے گی۔

بیماری کے دوران آپ کے بیٹے مکرم رانا اظہر محمود صاحب کو والد کی خدمت کرنے کا کافی موقع ملا۔ فیل پا اور ٹانگ پر زخم کی وجہ سے چل پھر نہ سکتے تھے۔ وہ اٹھا کر باتھ روم لے جاتے حاجت ضروریہ اور غسل کراتے۔ خود کھانا ہاتھ سے کھلاتے خدمت کے لئے ہمہ وقت تیار رہتے۔

آپ 15/اگست 2003ء کو چک نمبر 168 مراد میں بوقت 3 بجے دن 82 سال کی عمر میں خدا کے حضور حاضر ہو گئے۔ موصی ہونے کی برکت سے بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی اللہ تعالیٰ مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت میں سکون نصیب کرے۔ لواحقین و پسماندگان کو آپ کی نیکیاں جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

ماخوذ

دنیا کے قیمتی اور جدید سہولتوں سے آراستہ جہاز

رائٹ برادران نے جب انتہائی کوشش کے بعد جہاز بنالیا تو ان کے ذہن میں آج کے جہازوں کا تصور بھی نہیں ہوگا۔ ان کا بنایا ہوا جہاز آج کے جہازوں کے مقابلے میں ایک چھکڑے سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتا۔ آج پوری دنیا میں تیز ترین سفر کا واحد ذریعہ جہاز ہیں۔ آواز سے زیادہ تیز چلنے والے جہاز گھنٹوں کا سفر منٹوں میں کرتے ہیں اور مسافروں کو نہ صرف حفاظت سے منزل پر پہنچاتے ہیں بلکہ عیش و آرام بھی مہیا کرتے ہیں۔ آج ہم قارئین کی دلچسپی کے لئے جدید ترین جہازوں کا تعارف پیش کر رہے ہیں۔

بوئنگ 8-747
قیمت 27 کروڑ ڈالر

یہ طیارے 2010ء میں پرواز کریں گے۔ یو ایس فیڈرل ایوی ایشن اتھارٹی نے انہیں نان کمرشل پروازوں کے لئے سرٹیفکیٹ جاری کر دیا ہے۔ ایک بات ذہن میں رہے کہ قیمت کے علاوہ دو کروڑ ڈالر کے خرچ سے اس کی بیرونی سجاوٹ کا کام بھی کرانا پڑے گا۔

بوئنگ بزنس جیٹ 3

1996ء میں بنائے جانے والے 900-737 ای آر جہاز کو کمرشل جہازوں میں تبدیل کیا گیا اور بزنس جیٹ اس کی جدید ترین شکل ہے۔ یہ جہاز افقی انداز میں پرواز کی صلاحیت رکھتا ہے۔ گول چکر لگاتا ہے اور زمین پر آنے کا منفرد نظام کا حامل ہے۔

بوئنگ 767
11 کروڑ 80 لاکھ سے
ساڑھے 16 کروڑ ڈالر

اس جہاز کا خرچہ نسبتاً کم ہے۔ چیلسی فٹ بال کلب کے مالک ارب پتی رومن ابرومیوچ کی خصوصی کشتی کے علاوہ جہاز بوئنگ 767 کے بارے میں بھی سنا جا رہا ہے۔ گوگل کے بانی لیری پیج اور سرج برن کے پاس بھی یہی جہاز ہے۔

بوئنگ ڈریم لائینز 787

کمپنی نے یہ جہاز بنانے شروع کر دیئے ہیں۔ اس مقصد کے لئے کمپنی کو صرف 6 آلات کا اضافہ کرنا پڑا۔ سواری والے جہاز کے علاوہ بوئنگ ڈریم لفٹر دنیا کا سب سے بڑا کارگو جہاز ہے۔ ڈریم لائنز 787 جہاز اس سال جولائی میں تیار کیا گیا۔ اس جہاز کے بارے میں کہا گیا ہے کہ یہ ایوی ایشن کی تاریخ میں تیز ترین فروخت کا ریکارڈ رکھتا ہے۔

ایمبر یئر لانج 1000
قیمت 4 کروڑ 95 لاکھ ڈالر

آج تک مارکیٹ میں آنے والے جہازوں میں یہ جہاز سب سے زیادہ باکمال اور پرتعیش بزنس جیٹ ہے۔ رواں سال کے وسط میں تیار ہونے والے اس جہاز میں 19 افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہے۔ اس جہاز کی ایندھن والی ٹینکی سامان والے نچلے حصے میں لگائی گئی ہے۔ جس کی وجہ سے جہاز کی پرواز کا دورانیہ دگنا ہو گیا ہے۔ جہاز کے اندر 5 خصوصی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جن میں بیڈروم، چالو پانی والا باتھ روم اور سیر کے لئے جگہ بھی شامل ہے۔

بمبارجر بی ڈی 700
گلوبل ایکسپریس قیمت
ساڑھے 4 کروڑ ڈالر

جو لوگ کنکارڈ میں سفر نہیں کر سکتے ان کے لئے یہ جہاز بہترین ہے کیونکہ اس کی رفتار بہت زیادہ ہے اور اس کی لمبائی بھی دوسرے تمام جہازوں سے زیادہ ہے۔ رولز رائس بی آر 710 انجن کی بدولت اس کی رفتار 600 میل فی گھنٹہ ہے۔ اس طرح یہ جہاز کسی جگہ رکے بغیر ساڑھے 12 ہزار کلومیٹر سفر کر سکتا ہے۔ اندرونی سطح بہترین ہے جو ساڑھے 48 فٹ لمبے کیبن پر مشتمل ہے۔ یہ جہاز 51 ہزار فٹ کی بلندی پر پرواز کر سکتا ہے۔ یہ جہاز ایئر بس کارپوریٹ جیٹ، بوئنگ بزنس جیٹ اور گلف سٹریم 550 جی کے مقابلے میں تیار کیا گیا ہے۔

ڈیزالٹ فالکن 900
قیمت 3 کروڑ 30 لاکھ ڈالر

اپنی نوعیت کے جہازوں میں بالکل منفرد حیثیت کا حامل ہے۔ یہ 3 انجن والا جہاز ہے جس میں 19 افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہے اور اس کی رفتار 940 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔ بغیر رکے 7 ہزار 400 کلومیٹر کا فاصلہ طے کر سکتا ہے۔ یہ جہاز سوس ٹور کمپنی گلوبس اینڈ کوسموس کے صدر سرجیو مانٹی گازا جیسے ارب پتی لوگوں کے استعمال میں ہے۔ فالکن 900 بی اس جہاز کی جدید ترین شکل ہے۔ اس کا فلائٹ ڈیک پورے کا پورا شیشے کا بنا ہوا ہے۔

گلف سٹریم 550 جی
قیمت 3 کروڑ 60 لاکھ ڈالر

یہ جہاز کاروباری طبقے کے لئے بنایا گیا ہے جو کسی جگہ رکے بغیر 12 ہزار 501 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرتا ہے۔ یوں دنیا کا سب سے لمبی پرواز والا جہاز مانا جاتا ہے۔ اس کا کاک پٹ شفاف ہے جس کی وجہ سے جہاز کے مسافر سامنے والے مناظر دیکھ سکتے ہیں۔ اوپر کی جانب پرواز کی صلاحیت کی بدولت پائلٹ کو یہ سہولت میسر آتی ہے کہ وہ کنٹرول پینل سے نظریں ہٹا سکتا ہے۔ جہاز کی دونوں طرف سات سات کھڑکیاں جو مسافروں کو باہر کے نظارے کی سہولت فراہم کرتی ہیں۔

سیسنا سکائی کیچر سپورٹی فلائر

یہ جہاز سیسنا کمپنی کے جہازوں میں بالکل نیا اضافہ ہے۔ اس کی قیمت کافی کم ہے۔ جہاز صرف ایک انجن پر چلتا ہے۔ اسے ایک شخص کی پرواز کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ کمپنی نے ابھی اس جہاز کی قیمت متعین نہیں کی تاہم اطلاع یہ ہے کہ اس کی قیمت ایک لاکھ ڈالر کے قریب ہوگی۔

ایکلپس

ایکلپس ایوی ایشن کا تیار کردہ یہ جہاز ایک انجن سے چلتا ہے اور اس میں وہ تمام چیزیں لگائی گئی ہیں جو مارکیٹ میں دستیاب ایک انجن والے دیگر جہازوں میں ہوتی ہیں۔ فی الحال یہ جہاز فروخت کے لئے پیش نہیں کئے گئے۔ ابھی یہ مارکیٹ کی تحقیق کے لئے استعمال کئے جا رہے ہیں۔ کمپنی اس خیال سے جہاز ڈیزائن کرتی ہے کہ لاجواب کارکردگی کے حامل جہاز لوگوں کو فراہم کئے جائیں جن میں بہترین قسم کی مستعدی پائی جائے۔ یہ جہاز اس کی بہترین مثال ہے۔ اس جہاز کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس کی آواز بہت کم ہے۔ پائلٹ کو بھی لاجواب سہولت فراہم کرتا ہے۔

جیٹ کارڈز

یہ چھوٹا سا جہاز 24 گھنٹے پرواز کا حامل ہے۔ اس کی قیمت ایک لاکھ 19 ہزار 900 ڈالر سے شروع ہوتی ہے۔ اس میں سات افراد کے بیٹھنے کی گنجائش موجود ہے۔ طیارے کو دو انجن لگائے گئے ہیں۔

(خبریں میگزین 21 اکتوبر 2007ء)

جلسہ یوم مسیح موعود
زیر اہتمام مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے شعبہ تعلیم مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کو مورخہ 20 مارچ 2008ء کو بوقت آٹھ بجے رات ایوان محمود ہال ربوہ میں جلسہ یوم مسیح موعود کے انعقاد کی توفیق ملی۔

اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں تھے۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد محترم مہمان خصوصی نے ''حضرت اقدس مسیح موعود کی پاکیزہ جوانی'' کے موضوع پر پینتالیس منٹ کا خطاب فرمایا۔ جس میں آپ نے حضرت مسیح موعود کی جوانی کے اعلیٰ اخلاقی نمونے پیش فرمائے۔ حضرت مسیح موعود کی پاکیزہ جوانی اور پاکیزہ زندگی کے بارے میں غیروں کی گواہیاں اور تحریرات پیش کیں۔

مہمان خصوصی کے خطاب کے بعد مکرم سہیل احمد شرما صاحب نے حضرت اقدس مسیح موعود کے ارشادات بابت ''خلافت'' حاضرین کے سامنے پیش کئے۔ بعد ازاں ایک خادم نے حضرت مسیح موعود کے پاکیزہ منظوم کلام میں سے چند اشعار ترنم کے ساتھ پڑھ کر سنائے۔

اس کے بعد محترم جمیل الرحمان رفیق صاحب وائس پرنسپل جامعہ احمدیہ سینئر سیکشن نے ''اتباع امام اور ہماری ذمہ داریاں'' کے موضوع پر تقریر کی۔ جس میں آپ نے امام کا صحیح مطلب اور اطاعت امام کی اہمیت بیان کی۔ ان کی تقریر کے بعد تین خدام نے مل کر خوبصورت آواز میں ترانہ پیش کیا۔

جلسہ کے آخر میں مکرم ومحترم فرید احمد نوید صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان نے مہمانان کا شکریہ ادا کیا اور خدام کو نصائح فرمائیں۔

محترم مہمان خصوصی نے اختتامی دعا کروائی اور اس طرح روحانی ماحول سے پُر یہ جلسہ یوم مسیح موعود اختتام پذیر ہوا۔ اس جلسہ کے لئے ایوان محمود ہال کو خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ ایوان محمود ہال اور اس کی گیلریوں میں کرسیاں لگا کر خدام کے بیٹھنے کا انتظام کیا گیا تھا۔ نیز حاضرین کی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے ایوان محمود کے سبزہ زار میں بھی خدام کے بیٹھنے کا انتظام کیا گیا۔ جہاں خدام نے نظم و ضبط کے ساتھ بیٹھ کر بڑی سکرین پر جلسہ کی کارروائی کو دیکھا اور سنا۔

دو گھنٹے پر مشتمل اس بابرکت تقریب کے اختتام پر تمام مہمانان کرام اور خدام کی خدمت میں شیرینی تقسیم کی گئی۔ اس پروگرام میں 1703 خدام اور مہمانان شامل ہوئے۔ آخر پر دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حضرت مسیح موعود کی سیرت اور احکامات پر کما حقہ عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(رپورٹ: منیر احمد رشید)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 80000 میں شازیہ ناز

بنت ولایت علی قوم مہر پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 22/75 ضلع ننکانہ صاحب بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 2-2-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شازیہ ناز۔ گواہ شد نمبر 1 محسن احمد ولد ولایت علی۔ گواہ شد نمبر 2 فہد عدیل ولد رستم علی

مسل نمبر 80001 میں سمیرا ناز

بنت ولایت علی قوم مہر پیشہ خانہ داری عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 22/75 ضلع ننکانہ صاحب بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 2-2-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ سمیرا ناز۔ گواہ شد نمبر 1 محسن احمد وصیت نمبر 56918 گواہ شد نمبر 2 فہد عدیل ولد رستم علی

مسل نمبر 80002 میں زاہدہ بشریٰ

زوجہ رانا مقصود احمد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 45 مرڑھ ضلع ننکانہ صاحب بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 25-1-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 10 تولے اندازاً مالیتی -/180000 روپے (2) رقم گریجوئٹی -/300000 روپے (3) حق مہر بذمہ خاوند -/10000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ زاہدہ بشریٰ۔ گواہ شد نمبر 1 رانا مقصود احمد ولد چوہدری محمد اسماعیل۔ گواہ شد نمبر 2 رانا نعمان طاہر ولد مقصود احمد

مسل نمبر 80003 میں حسنات احمد

ولد مبشر احمد قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 45 مرڑھ ضلع ننکانہ صاحب بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-1-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/27600 روپے سالانہ بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ حسنات احمد۔ گواہ شد نمبر 1 قمر حسین ولد منور حسین۔ گواہ شد نمبر 2 رانا نعمان طاہر ولد رانا مقصود احمد

مسل نمبر 80004 میں مقدس بی بی

زوجہ منیر احمد قوم کِگل پیشہ خانہ داری عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 159 ر۔ب گرمولا ضلع ننکانہ صاحب بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 2-2-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) 4 کنال بارانی اراضی زمین مالیتی -/100000 روپے (2) طلائی بالیاں بوزن 1/2 تولہ مالیتی -/8000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/35000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مقدس بی بی۔ گواہ شد نمبر 1 بشارت احمد کوثر ولد چوہدری فتح محمد گجراتی درویش (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 مبارک احمد ولد عنایت اللہ

مسل نمبر 80005 میں صفیہ داؤد

زوجہ داؤد احمد قوم وڑائچ پیشہ خانہ داری عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 169 ر۔ب گرمولا ضلع ننکانہ صاحب بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-2-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زیور مالیتی -/30000 روپے (2) حق مہر -/50000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ صفیہ داؤد۔ گواہ شد نمبر 1 بشارت احمد کوثر ولد چوہدری فتح محمد گجراتی۔ گواہ شد نمبر 2 محمد رفیع ولد غلام محمد

مسل نمبر 80006 میں حمیدہ بیگم

